
# سال 2025 کے بارے میں مایوس نظر آنے والوں کی نسبت (26%) پاکستانی افراد کی زیادہ شرح اس حوالے سے پراُمید (51%) نظر آئی

نئے سال کے حوالے سے بہتری کی اُمید رکھنے والوں کی شرح میں گزشتہ سال کی نسبت اس سال 10% کا اضافہ دیکھنے میں آیا ہے ۔




آپ کی رائے میں نیا سال یعنی 2025 پاکستان کے لیے موجودہ سال 2024 سے بہتر ہوگا، خراب ہوگا یا کوئی فرق نہیں پڑے گا؟

*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## بین الاقوامی ممالک کے اعتبار سے

پاکستان

## سال 2025 کے بارے میں مایوس نظر آنے والوں کی نسبت (26%) پاکستانی افراد کی زیادہ شرح اس حوالے سے پراُمید (51%) نظر آئی۔ نئے سال کے حوالے سے بہتری کی اُمید رکھنے والوں کی شرح میں گزشتہ سال کی نسبت اس سال 10% کا اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔

**(گیلپ & گیلانی پاکستان)،**


(اسلام آباد)، 10 جنوری، 2025

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، سال 2025 کے بارے میں مایوس نظر آنے والوں کی نسبت (26%) پاکستانی افراد کی زیادہ شرح اس حوالے سے پراُمید (51%) نظر آئی۔ نئے سال کے حوالے سے بہتری کی اُمید رکھنے والوں کی شرح میں گزشتہ سال کی نسبت اس سال 10% کا اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔

پاکستان میں یہ سروے گیلپ انٹر نیشنل کی جانب سے 37 سے زائد ممالک میں کیے گئے عالمی سروے کا حصہ تھا جس میں 37,338 کے قریب جواب دہندگان نے حصہ لیا تھا۔ یہ سروے 1979 سے جاری گیلپ انٹر نیشنل کی ایک روایت کا حصہ ہے جس میں گیلپ انٹر نیشنل ایسوسی ایشن کے تمام ممبران اہم موضوعات پر دنیا کی رائے جاننے کے لیے حصہ لیتے ہیں۔ اس حوالے سے مزید تفصیلات جاننے کیلئے برائے مہربانی یہاں کلک کریں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"آپ کی رائے میں نیا سال یعنی 2025 پاکستان کے لیے موجودہ سال 2024 سے بہتر ہوگا، خراب ہوگا یا کوئی فرق نہیں پڑے گا؟"**۔ اس سوال کے جواب میں، 51% جواب دہندگان کے مطابق نیا سال یعنی 2025 پاکستان کے لیے موجودہ سال 2024 سے "بہتر" ہوگا، 26% جواب دہندگان کے مطابق نیا سال یعنی 2025 پاکستان کے لیے موجودہ سال 2024 سے "خراب" ہوگا، جبکہ 11% جواب دہندگان کے مطابق "کوئی فرق نہیں" پڑے گا، تاہم 12% جواب دہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

**"آپ کی رائے میں نیا سال یعنی 2025 پاکستان کے لیے موجودہ سال 2024 سے بہتر ہوگا، خراب ہوگا یا کوئی فرق نہیں پڑے گا؟"**





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab


## نئے سال کیلئے اچھی اُمید رکھنے کے حوالے سے پاکستان کا قریبی ممالک کے ساتھ موازنہ: بنگلہ دیش ریجن میں سر فہرست

ریجن کے اعتبار سے موازنہ کرنے سے یہ سامنے آتا ہے کہ نئے سال کیلئے اچھی اُمید رکھنے والوں کی شرح سب سے زیادہ بنگلہ دیش میں (78%) پائی گئی، اس کے بعد اس حوالے سے زیادہ شرح چین (71%) اور بھارت میں (66%) دیکھنے میں آئی، جبکہ پاکستان رینک میں دوسرا سب سے کم (51%) اور ایران سب سے کم پر اُمید (27%) ملک ہے۔




*Source: Gallup International End of Year Survey 2024*

**گزشتہ سالوں میں پاکستان کی نئے سال کے بہتر یا خراب ہونے کے حوالے سے اُمیدیں:** 1990 کی دہائی کے آخر میں، پاکستان میں نئے سال کے بہتر ہونے کے حوالے سے اُمیدوں میں نمایاں اضافہ دیکھا گیا، 1999 میں یہ شرح بڑھ کر 59% تک پہنچ گئی، اس کے بعد اس حوالے سے اتار چڑھاؤ دیکھنے میں آیا، 2010 کی دہائی کے شروع میں اس حوالے سے شرح میں کمی آئی اور حال ہی میں، سال 2024 میں نئے سال کے بہتر ہونے کے حوالے سے اُمیدوں کی شرح میں اضافہ ہوا جو کہ بڑھ کر 51% ہو گئی۔




*Source: Gallup International End of Year Survey 2024*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے دنیا بھر کے 37 ممالک کے کل 37,338 افراد سے لیا گیا ہے۔ تقریباً ہر ملک میں اکتوبر تا دسمبر 2024 کے دوران، 1000 کے قریب خواتین اور مرد حضرات سے یہ انٹرویو یا تو F2F، ٹیلی فون کے ذریعے لیا گیا ہے یا آن لائن کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینہ شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Friday, 10th January 2025**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll 2025

celebrating 45 years of Gallup Pakistan (1980-2025)